Public Relations & Media Services Department
Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad
Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

شیخ امان اللہ سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ نے زرعی ترقیاتی بینک کے ایکٹنگ پریذیڈنٹ کا عہدہ سنبھال لیا

اسلام آباد: 16 اکتوبر 2018

وفاقی حکومت نے شیخ امان اللہ کو زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کا ایکٹنگ صدر تعینات کیا ہے۔ آپ بینک کے سینئر ترین ایگزیکٹو ہیں جو کہ انتہائی متحرک اور موثر شخصیت کے مالک ہیں اور ایم اے، ایف سی ایم اے، ایف سی آئی ایس اور انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان کے ڈپلومہ جیسے مختلف پروفیشنل تعلیمی ریکارڈ کے ساتھ ساتھ بینکنگ کے 30 سالہ وسیع تجربہ پر مبنی ریکارڈ کے حامل ہیں اور مینجمنٹ آپریشنز انٹرنل آڈٹ، مالیاتی کارپوریٹ گورننس، آئی ٹی اور ریسٹرکچرنگ کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ گزشتہ دس سال سے زرعی ترقیاتی بینک میں سینئر ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ (SEVP) کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہے ہیں۔ مختلف اوقات میں وہ بینک کے ایکٹنگ پریذیڈنٹ کی حیثیت سے بھی بینک کے امور انجام دیتے رہے ہیں اور اسکے علاوہ بینک کے تمام کلیدی شعبوں میں مثلاً چیف آپریٹنگ آفیسر، چیف انٹرل آڈیٹر، ہیڈ فنانس، ہیڈ ہیومن ریسورسز، ہیڈ آئی ٹی، ہیڈ ڈویلپمنٹ اور ہیڈ اسلامی بینکنگ کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔

علاوہ ازیں انہوں نے سٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ کریڈٹ لائن کی ریسٹرکچرنگ انٹرنل آڈٹ سسٹم کی تجوید اور موثر فنانشل سسٹم اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ بینک کے کاروبار کی شراکت داری میں اہم کردار ادا کیا۔ بینکنگ کے بزنس کی وسعت اور اسلامی بینکنگ سسٹم کا احیاء NIFT اور RTGS کی ممبر شپ کا کریڈٹ انہی کے سر ہے۔ وہ بینک ،سٹیٹ بینک اور دیگر حکومتی اداروں کے درمیان رابطے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ موصوف انتہائی موثر، قابلیت اور ایمانداری کا ایک وسیع اور ٹھوس ریکارڈ رکھتے ہیں۔ 1988 میں انہیں سیرت پر صدارتی ایوارڈ بھی تفویض کیا گیا اور اسکے علاوہ تحقیقاتی سرگرمیوں میں مختلف ملکی اور بین الاقوامی ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔

(سعد ضیاء)
انچارج (تعلقات عامہ)
فون نمبر 051-9252681-2